# آہ! میاں فضل حق!!!

تحریر: عتیق الرحمان ظہیر بھاگٹانوالہ سرگودھا

مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ناظم اعلیٰ اور عالم اسلام کی عظیم شخصیت جناب الحاج میاں فضل حق کی وفات سے جماعت کو ایک بہت بڑا دھچکا لگا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے آمین۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث واہلحدیث یوتھ فورس بھاگٹانوالہ کا ایک اہم اجلاس ۹۶-۱-۱۴ کو ہوا جس میں حضرت میاں صاحب کے لئے دعائے مغفرت کی گئی اور گہرے رنج غم کا اظہار کیا گیا اور اسی طرح ۱۹ جنوری کو خطبہ جمعۃ المبارک جمعیت اہلحدیث کے رہنما حضرت مولانا عبداللہ طارق نے پڑھایا نماز جمعہ کے بعد الحاج میاں صاحب مرحوم مغفور کے لئے مغفرت کی اجتماعی دعا کی گئی اور مولانا نے میاں صاحب کے حالات زندگی پر روشنی ڈالی۔ واقعی انہوں نے اپنی نصف سے زائد زندگی تنظیمی ومذہبی خدمت میں گزاری۔ ان ہی کے زیر سایہ کئی مقامات پر قال اللہ وقال الرسول کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں جہاں وہ غربا ومساکین کے سروں پر دست شفقت رکھتے تھے وہاں طلباء کے لئے ایک شفیق باپ کی طرح تھے مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع سرگودھا کے ناظم اعلیٰ جناب مولانا حافظ محمد دین صاحب نے کہا کہ جب بھی ہم ان سے ملے کھلے ہاتھوں سے خندہ پیشانی اور کشادہ دل پایا جب بھی ان کی تقریر سنی یوں محسوس ہوتا تھا کہ سارے جہاں کا درد ان کے سینے میں ہے۔

کیوں نہ ہو' وہ درد دل رکھنے والے انسان تھے میں نے محترم مجیب الرحمٰن شامی کا اداریہ پڑھا جو میاں صاحب کی اعلیٰ ظرفی اور بلند کردار کی ایک ادنیٰ سی تصویری کاوش تھا یوں محسوس ہوتا تھا کہ شامی صاحب کے سینہ میں بہت کچھ ہے مگر "جنگ اخبار" کی سطریں ان کے احساسات میں رکاوٹ ہیں بالکل اسی طرح میرے دل میں بہت کچھ ہے مگر اسے ضبط تحریر لانا انتہائی مشکل ہے دینی اور مذہبی لحاظ سے یہ حادثہ کوہ گراں ہے مگر "کل من علیھا فان" کہیں ان کی سخاوت کو برکھا اور کہیں مستحقین کی دست گیری کہیں

فکر انگیز گفتگو اور کہیں دینی کام میں سبقت لے جانے کی کوشش انہوں نے اپنی ۷۵ سالہ زندگی میں سے ۴۰ سال انتہائی قیمتی سالوں کا سرمایہ افتخار سفر کی کھردری کوٹھی پر گزار دی کیا یہی بلند صفات کا حامل تھا ان پر اللہ کی خاص رحمت تھی۔

ہم اللہ سے التجا کرتے ہیں کہ اے اللہ اگر دنیا میں انہوں نے طلبا دین پر شفقت و مہربانی کی انتہا کر دی تھی تو بھی آج اسے سرخرو کردے۔ اے اللہ' سخت تھکا دینے والی زندگی گزارنے کے باوجود ہمیشہ خندہ روئی سے پیش آئے تو بھی اسے اپنے دیدار سے مشرف فرما۔ اللہ اس نے تیری رضا جوئی کے لئے دینی اوارے بنوائے اللہ تو بھی اسے جنت کے محلات کا باسی بنا دے۔ آمین

اجلاس میں جناب حافظ عبدالماجد صاحب سلفی چودھری عبدالواحد کونسلر چودھری گلزار احمد محمد شفیق صدر اے ایس ایف اور چودھری شفیق الرحمٰن کے علاوہ جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس کے اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## اہم اعلان

تمام احباب جماعت کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حضرت مولانا حافظ محمد دین صاحب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع سرگودھا کی رہائش گاہ پر ٹیلی فون لگ گیا ہے احباب جماعت فون نمبر نوٹ فرمالیں۔۔۔ شکریہ (0451)780323

منجانب : عتیق الرحمٰن ظہیر۔ سیکرٹری جنرل A-Y-F

بھاگٹانوالہ سرگودھا